## سوال

(615) دودھ پینے کی تعداد جس سے حرمت ثابت ہوتی ہے

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کتنی دفعہ دودھ پینے سے حرمت ثابت ہوتی ہے ؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علىٰ رسول اللہ، أما بعد!

ہر وہ رضعت جس میں دودھ پیا جائے ایک رضعت شمار ہوگی، چاہے وہ ایک ہی مجلس میں ہو،اور اگر اس نے ایک دفعہ دودھ پیا پھر پستان سے علیحدہ ہوگیا تو یہ ایک رضعت ہوجائے گی۔ رضعات کےلیے ضروری نہیں کہ ان میں سیر ہوکر ہی دودھ پیا جائے،اور پیا ہوا دودھ جب آنتوں میں چلا جائے تو ان کو پھاڑ دیتا ہے۔ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی حرمت رضاعت میں لگائی ہوئی شرط "فتق الامعاء" یعنی آنتوں کو پھاڑے، پوری ہوجاتی ہے۔[1] (عفیفی رحمۃ اللہ علیہ)

---

[1] ۔ نیز پانچ دفعہ دودھ پینے سے حرمت رضاعت ثابت ہوتی ہے جیسا کہ صحیح حدیث میں موجود ہے۔ ح

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

## عورتوں کےلیے صرف

**صفحہ نمبر 549**

**محدث فتویٰ**